# دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چمکنی، پشاور

## «شرائط نیلام»

### ٹھیکہ پارکنگ سٹینڈز نزد نادرہ میگا سنٹر رنگ روڈ پشاور

### برائے معیاد ایک سال از یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء

شرائط نیلام بحوالہ چٹھی نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 مورخہ 07/05/2026 گورنمنٹ آف خیبر پختونخواہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ لوکل کونسل بورڈ سے موصول شدہ چٹھی کے مطابق شرائط درج ذیل ہیں۔

1. یہ کہ ٹھیکہ کی معیاد ایک سال از یکم جولائی 2026ء سے شروع ہو کر 30 جون 2027ء تک ہوگی جسمیں کسی قسم کی توسیع نہیں کی جائے گی۔

2. یہ کہ نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے بولی دہندہ مبلغ/276000 (دو لاکھ چھہتر ہزار روپے) کال ڈیپازٹ بنام ٹی۔ ایم۔ او، ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی پشاور بنائے گا اور لوکل کونسل بورڈ کے ویب سائٹ https://eauction..lcbkp.gov.pk یا https://cfmis.lgkp.gov.pk پر تفصیلات درج کرے گا۔ نقد کسی صورت قبول نہیں کی جائیگی۔

3. کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایادار / نادہندہ نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر دوران نیلامی کامیاب بولی دہندہ مقروض ثابت ہوا تو اس کا ٹھیکہ منسوخ اور زر بیعانہ بحق ٹی۔ ایم۔ اے۔ چمکنی، پشاور ضبط ہوگا۔

4. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کل رقم ٹھیکہ کی پندرہ فیصد (16%) زر پیشگی اور پانچ فیصد (6%) سکیورٹی بولی کے اگلے تین دن دفتری اوقات کار میں ٹی۔ ایم۔ اے۔ چمکنی، پشاور میں جمع کریگا۔ اور ٹھیکہ کی رقم گیارہ مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

5. ٹھیکیدار ہر ماہ کی پانچ (05) تاریخ تک قسط جمع کرنے کا پابند ہوگا اگر پانچ (05) دن گزرنے کے بعد بھی کامیاب بولی دہندہ قسط جمع کرنے میں ناکام رہا تو کامیاب بولی دہندہ دو فیصد (2%) یومیہ کے حساب جرمانے (Surcharge) سے قسط جمع کرنے کا پابند ہوگا اگر ٹھیکیدار دس (10) تاریخ تک قسط کی بقایاجات ادا کرنے میں ناکام رہا تو ٹھیکہ منسوخ کرکے ٹھیکیدار کے (Risk & cost) پر نیلام کیا جائے گا۔

6. یہ کہ اگر ثابت ہو جائے کہ کامیاب بولی دہندہ شیڈول ریٹ سے زائد شرح فیس وصول کر رہا ہے تو ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی، پشاور کے آفسران کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وصول کردہ فیس کے برابر گیارہ گناہ جرمانہ عائد کرے۔ نیز اگر ٹھیکیدار زائد فیس کی وصولی کا بار بار مرتکب پایا گیا۔ تو اس کا ٹھیکہ مجاز اتھارٹی / صوبائی حکومت کی منظوری کیساتھ منسوخ کیا جائیگا۔ اور اس کی زرضمانت اور زر پیشگی بمعہ جمع شدہ رقم ضبط کی جائیگی۔

7. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کل زر ٹھیکہ کی مالیت پر FBR کے قانون کے مطابق بصورت فائلر دس فیصد 10% اور بصورت نان فائلر بیس فیصد 20% انکم ٹیکس جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اور اگر صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی طرف سے ٹھیکہ جات پر مزید کوئی بھی ٹیکس لاگو کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

8. یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ فریقین کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو کامیاب بولی دہندہ ایک مہینے کے اندر ریجنل میونسپل آفیسر پشاور سے بطور ثالث رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور دوران تنازعہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

9. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو سب لیٹ (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کے نفع و نقصان (Risk & Cost) پر منسوخ کر دیا جائیگا۔ اگر کوئی ٹھیکیدار اپنی جگہ پر کسی نمائندے کو نامزد کرے تو اسکو مختیار نامہ دینے کیساتھ اپنا قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی بھی دینے کا پابند ہوگا۔ اور ایگریمنٹ پر کامیاب بولی دہندہ کا اپنا دستخط از خود کرے گا۔ نہ کہ مختیار کنندہ

10. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو دوران ٹھیکہ کسی قسم کا نقصان اٹھانا پڑا تو ٹی۔ ایم۔ اے۔ چمکنی، پشاور کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کی معافی (Remission) کا حقدار نہ ہوگا۔ اور اگر مقررہ شرح سے زیادہ فیس وصول کی تو وہ قانونی جرم ہوگا جس کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ جرم ثابت ہونے پر ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا۔ اور جمع شدہ رقم یعنی 5% سکیورٹی بحق ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی، پشاور ضبط تصور ہوگی۔

11. یہ کہ ٹھیکیدار کو فیس کے وصول کرنے کے لیے جتنی بھی رسید بک درکار ہوں گی تو پیشگی قیمت پر دفتر ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی، پشاور سے حاصل کرے گا اس کے علاوہ ٹھیکیدار اگر خود کوئی رسید بک ذاتی طور پر چھپوائے تو محکمہ ہذا سے منظوری حاصل کرے گا۔ چھپوائی ہوئی رسید بکوں کا اندراج محکمہ ہذا کیساتھ کرے گا۔ اور استعمال شدہ رسید بک ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی، پشاور کی ریگولیشن برانچ میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

12. یہ کہ ٹھیکیدار پارکنگ سٹینڈ فیس کی وصولی کے رسید چاک کرنے کے لیے اگر سرکاری سٹاف کی ضرورت ہو تو ٹھیکیدار محکمہ ہذا کو درخواست دے گا۔ کہ مجھے سرکاری اہلکار برائے ریکوری درکار ہیں۔ جس کی تنخواہ بمعہ الاؤنسز، پنشن کنٹری بیوشن، میڈیکل الاؤنسز اور 48 یوم کی تنخواہ جو کہ حکومت نے ہر ملازم کے لیے منظور کی ہوئی ہے۔ اور دوران ٹھیکہ جو مراعات تنخواہوں میں دی جائیگی کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہوگا اگر کوئی ملازم چار ماہ کی رخصت پر جائے گا۔

13. یہ کہ اگر کوئی شخص پارکنگ سٹینڈ فیس دینے سے انکاری ہو تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار تحصیل میونسپل آفیسر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چمکنی پشاور کو تحریری رپورٹ بمع مکمل کوائف پیش کریگا۔ جس پر قانونی کاروائی عمل میں لائے جائے گی نیز نامکمل کوائف پیش کرنے پر کسی قسم کی کارروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ پارکنگ سٹینڈ نادرہ میگا سنٹر رنگ روڈ پشاور میں کھڑی گاڑی یا موٹر سائیکل کی ہر قسم کی حفاظت بذریعہ ٹھیکیدار ہوگی۔ چوری / گمشدگی کی صورت میں ٹھیکیدار از خود ذمہ دار ہوگا۔ اور ٹھیکیدار کے نمائندے / کارندے نادرہ دفتر وزٹ کرنے والے گاڑی مالکان کے ساتھ انتہائی شائستہ اور اخلاقیات کا مظاہرہ کرنے کا پابند ہوگا۔

14. یہ کہ صوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جو بھی احکامات جاری ہوئے تو دونوں فریقین ان احکامات کے پابند ہونگے۔ کامیاب بولی دہندہ یعنی ٹھیکیدار حتمی منظوری تک ٹھیکہ کی نگرانی کرنے کا حقدار ہوگا۔ اور وہ اپنی کی گئی ریکوری کے مطابق روزانہ کے حساب سے رقم ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی پشاور کی متعلقہ برانچ میں تھمانہ طور پر جمع کرے گا۔ جو کہ ٹھیکہ کی منظوری کے بعد حساب کتاب کر کے جمع شدہ رقم ماہوار اقساط میں مجرائی کردی جائے گی۔

15. یہ کہ شرائط نیلامی اور اقرار نامہ مابین فریقین عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا۔ اور ٹھیکیدار کسی قسم کی وصولی کا حقدار و مجاز نہ ہوگا۔

16. یہ کہ ٹھیکیدار لوکل کونسل بورڈ سے موصول شدہ شرائط نیلام برائے مالی سال 27-2026ء کا شق در شق پابند ہوگا۔

17. یہ کہ ٹھیکیدار بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت میں واجب الادا رقم بذریعہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت وصول کی جائیگی۔ اور ٹھیکیدار کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

18. یہ کہ لوکل کونسل بورڈ کی حتمی منظوری کے بعد کسی قسم کی گفت و شنید نہ ہوگی۔ اور نہ ٹھیکہ میں کسی قسم کا رد و بدل نہیں کیا جائے گا۔ مزید یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹریفک قوانین کی سختی سے پابندی کریگا۔ جس سے ٹریفک کی (روانی) آمد و رفت میں کوئی خلل نہ پڑے۔ اور کامیاب بولی دہندہ پارکنگ سٹینڈ کے لئے جگہ کا بندوبست از خود اپنے خرچے پر کرے گا اور اس سلسلے میں ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی پشاور سے کسی قسم کا مطالبہ نہیں کرے گا۔

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)

ٹی۔ ایم۔ اے چمکنی، پشاور